نوائے وقت
آج : بدھ، 13 ستمبر، 2017

TPL Properties

اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے کمپنی کا سالانہ عمومی اجلاس بدھ، مورخہ 04 اکتوبر، 2017 کو دوپہر 12:00 بجے رجسٹرڈ دفتر، کراچی میں منعقد ہوگا۔

عمومی امور

1۔ مورخہ 04 مئی، 2017 کو منعقدہ شدہ غیر معمولی عمومی اجلاس کی کارروائی کی منظوری۔

2۔ سال مختتمہ 30 جون، 2017 کے حوالے سے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں اور ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ نیز سال مختتمہ 30 جون، 2017 کے حوالے سے کمپنی کے آڈٹ شدہ مجموعی مالی گوشوارے اور ان پر آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی، ان پر غور اور عمل درآمد۔

3۔ 30 جون، 2018 کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین۔ میسرز فورڈ رہوڈز (EY Ford Rhodes) چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہل ہونے کے ناطے خود کو دوبارہ تقرری کے لیے پیش کیا ہے۔

خصوصی امور

4۔ اگر موزوں قرار پائے تو کمپنیز ایکٹ، 2017 کی شق 199 کی رو سے شریک کمپنی؛ میسرز HKC لمیٹڈ کو 1.5 بلین روپے تک ایڈوانس کی فراہمی کے لیے کمپنی کو اجازت دینے کی غرض سے خصوصی قرارداد کی منظوری اور اس پر غور

(مذکورہ سالانہ اجلاسِ عام میں انجام دیئے جانے والے مندرجہ بالا خصوصی معاملات سے متعلق حقائق پر مبنی ایک بیان، کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 134(3)(b) کے تحت سال مختتمہ 30 جون، 2017 کی سالانہ رپورٹ کے ساتھ کمپنی کے حصص یافتگان کو ارسال کر دیا گیا ہے۔)

دیگر امور

5۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور پر غور

حسب الحکم بورڈ
دانش قاضی
کمپنی سیکریٹری

تاریخ: 13 ستمبر، 2017

تشکات (Notes):

1۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ 25 ستمبر، 2017 سے 04 اکتوبر، 2017 (بشمول ہر دو یوم) بند رہیں گی۔

2۔ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ایک رکن اپنی جگہ دوسرے کسی شخص کو بطور پراکسی اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ پراکسی کے مؤثر ہونے کے لئے، پراکسی فارم کمپنی، میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے رجسٹرار کو پہلی منزل، C-40، بلاک۔6 PECHS، کراچی پر اجلاس سے 48 گھنٹے قبل لازمی طور پر موصول ہو جانی چاہیئے۔

3۔ کمپنی، اجلاس عام کے انعقاد کے مقررہ شہر کے علاوہ دیگر مقامات پر سالانہ اجلاس عام میں شریک ہونے کے لیے اپنے اراکین کو ویڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرے گی۔ یہ سہولت اپنے اراکین کے جغرافیائی پھیلاؤ پر غور کرنے کے بعد، اس جغرافیائی مقام پر رہائش پذیر اراکین کی مجموعی ہولڈنگ 10% یا زائد کے حامل ہونے، اراکین کی جانب سے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت پر رضامندی کی اطلاع اجلاس سے کم از کم 10 دن قبل موصول ہونے پر فراہم کی جائے گی۔ تاہم کمپنی کی جانب سے اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے انتظامات متعلقہ شہر میں اس قسم کی سہولت کے دستیاب ہونے سے مشروط ہوں گے۔

کمپنی اراکین کو ویڈیو لنک کی سہولت کے مقام اور انہیں اس سہولت تک رسائی کے قابل بنانے کے لیے تمام ضروری معلومات کے بارے میں سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم 5 دن قبل مطلع کرے گی۔

اس حوالے سے مندرجہ ذیل فارم پُر کر کے اسے سالانہ اجلاس عام کے انعقاد سے 10 دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر جمع کرائیں:

بذریعہ ہٰذا میں/ہم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ TPL پراپرٹیز لمیٹڈ کے رکن/اراکین، ۔۔۔۔۔ عمومی شیئرز بمطابق رجسٹر فولیو نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے حامل ہونے کے ناطے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مقام پر ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتے ہیں۔

4۔ CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو شناخت کے لیے شرکت کرنے والا کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور CDC اکاؤنٹ نمبر پیش کرنا ہوگا اور پراکسی کی صورت میں ان کے CNIC کی مصدقہ نقل لازماً منسلک کرنا ہوگی۔ کارپوریٹ اداروں کے نمائندگان بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد اور پاور آف اٹارنی کی مصدقہ نقل اور/یا اس مقصد کے لیے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری شدہ مراسلہ نمبر۔1 بتاریخ 26 جنوری 2000 کے تحت مطلوب اس قسم کی تمام دستاویزات اپنے ساتھ لائیں۔

5۔ SECP نے اپنے اعلامیے SRO 787 (I)2014 مورخہ 8 ستمبر 2014، کے ذریعے آڈیٹڈ فنانشل اسٹیٹمنٹ بمعہ نوٹس برائے سالانہ عمومی اجلاس، بذریعہ ای میل ممبران کو ترسیل کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ اس لئے وہ تمام ممبران جو سالانہ رپورٹ کی سافٹ کاپی کے خواہش مند ہوں اُن سے درخواست ہے کہ اپنے ای میل ایڈریس ارسال کر دیں

6۔ اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتے/رابطہ نمبرز میں تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر شیئر رجسٹرار کو مندرجہ ذیل پتے پر مطلع کریں۔

THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ پہلی منزل، C-40، بلاک۔6، PECHS، کراچی۔75400
ڈائریکٹ نمبر: 021-34168270 فیکس نمبر: 021-34168271 UAN: 021-111-000-322